سوال

(107) حائضہ کےلیے عرفات کے دن دعاؤں اور قرآنی آیات پر مشتمل کتابیں پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حائضہ کےلیے عرفات کے دن دعاؤں والی کتاب پڑھنا جائز ہے جبکہ ان کتابوں میں آیات قرآنیہ بھی موجود ہوتی ہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حائضہ اور نفاس والی عورت کےلیے مناسک حج میں لکھی گئی دعائیں پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ صحیح مذہب کے مطابق قرآن پڑھنے میں بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ ایسی کوئی واضح اور صحیح نص موجود نہیں ہے ۔ جو حائضہ اور نفاس والی عورت کو قرآن مجید کی تلاوت سے روکتی ہو۔ (سماحۃ الشیخ عبدالعزیز بن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 139

محدث فتویٰ